24 جون 2023ء

ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی 27، 28 اور 30 جون 2023ء کو بینک وصولی

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی درخواست پر ٹیکس دہندگان کو سہولت دینے کے لیے **27، 28، اور 30 جون 2023ء** کو وصول شدہ ٹیکسوں کی کلیئرنگ / تصفیے کی غرض سے **تمام بینکوں** کی طرف سے بینکاری اوقات کے حوالے سے درج ذیل فیصلہ کیا گیا ہے:

منگل 27 جون 2023ء کو تمام بینک اور ایس بی پی-بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر **صبح 9 بجے سے رات 8 بجے تک** اسی روز کلیئرنگ کے لیے کھلے رہیں گے، جبکہ بینکوں کی وہ تمام برانچیں جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں، **بدھ 28 جون 2023ء** کو اسی روز کی کلیئرنگ کے لیے **صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک** کھلی رہیں گی۔ نیشنل بینک کی کسٹم ہاؤس برانچ **جمعہ 30 جون 2023ء کو صبح 9 بجے سے شام 5:30 بجے تک** کھلی رہے گی تاکہ 3 جولائی 2023ء کو صبح 9 بجے (برائے مورخہ 30 جون 2023ء) ہونے والی خصوصی کلیئرنگ کی جاسکے۔

مالی سال 23-2022ء کی کلوزنگ کے لیے، جو 3 جولائی 2023ء کو منعقد ہوگی، اسٹیٹ بینک کی بنیادی بینکاری اور اس کے ساتھ ساتھ پاکستان ریئل ٹائم انٹربینک سیٹلمنٹ میکنزم (پرزم) 30 جون 2023ء کی موثر تاریخ کو کام کرے گا۔ اِسی طرح بینک اور میسرز "نفٹ" اپنے سسٹمز میں 30 جون 2023ء کو یومِ کار شمار کریں گے تاکہ 30 جون 2023ء کی تاریخ کے لیے 3 جولائی 2023ء کو ہونے والی خصوصی کلیئرنگ کے تصفیے میں مدد مل سکے۔

*****